18/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں...اعجازہ اختر

مفاہمت نامہ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اورایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے ایک چودہ نکاتی مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں جس سے دونوں ممالک میں امن کی بحالی ، آبنائے ہرمز کو دوبارے کھولنے اور دونوں ملکوں کے درمیان پید ا شدہ دیگر مسائل پر بات چیت کیلئے 60روزہ عمل کا آغاز ہوگا۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی فرانس کے دورے کے آخری مرحلے میں کل رات فرانس کی دار الحکومت پیرس پہنچ گئے جہاں وہ فرانس کے صدر Emmanual Macron کے ہمراہ Viva Tech Summit-2026 میں شرکت کریں گے ۔ وزیر اعظم سمٹ کے دوران فرانس کے صدر کے ساتھ کئی اعلیٰ سطحی مصروفیات کی قیادت کریں گے ۔وہ فرانس کے کاروباری رہنماؤں کے ساتھ بھی ملاقات کریں گے۔

عمر بانڈی پورہ

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت جمونو کشمیر کے تمام خطوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

کل بانڈی پورہ کا دورہ کر کے انہوننے ضلعے میں جا ری ترقیاتی سرگرمیوں اور عوامی فلاح و بہبود کےلئے جا ری اقدامات کا جائزہ لیا۔

دورے کے دوران انہوننے100کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی ایک کا افتتاح کیا۔ ان پروجیکٹوں کا تعلق سڑک رابطوں، طبی نگہداشت، تعلیم، پانی اور دیہی ترقی کے شعبوں سے ہے۔

ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا۔

------Byte-------

سکينہ

سماجی بہبود کی وزير سکينہ ايتونے جموں کشمير کی ترقی ميں بزرگوں کے اہم کردار اور تعاون کی اہميت کو اجاگر کيا ہے ۔ کل روپ نگر جموں کے ايک ڈے کيئر سينٹر ميں بزرگوں کيلئے منعقده کی گئی ايک تقريب کے دوران انہوں نے کہا کہ گهروں ميں بزرگونکی ديکه بهال ،عزت اور وقار کو يقينی بنانے کی ہر ممکن پہل اور کوششوں کو بڑهاياجانا چاہئے ۔ انہوں نے بزرگوں کی معيار زندگی کو بہتر بنانے اور انہيں ہر ممکن تعاون فراہم کرنے پر زور ديا۔

چيف سيکريٹری

چيف سيکريٹری اٹل ڈلو نے ايک ميٹنگ کے دوران جموں کشمير ميں کام کی جگہ پر خواتين کی جنسی ہراسانی سےحفاظت ايکٹ 2013 کے نفاذ کا جائزه ليا ۔ انہوں نے جموں کشمير کی خواتين ميں بيداری بڑهانے اور ان کی صلاحيتوں کو مستحکم کرنے پر زور ديا ہے ۔ا نہوں نے متعلقہ حکام کو ہدايت دی کہ وه ايکٹ کے مطابق خواتين ملازمين کیحفاظت کو يقينی بنائيں ۔

انشل گرگ

صوبائی کمشنر انشل گرگ نے 21جون کو منائے جانے والے بين الاقوامی يوگا ڈے کے سلسلے ميں انتظامات کا جائزه ليا ہے ۔ ايک ٰ اعلی سطح کی جائزه ميٹنگ کے دوران انہوں نے ٰ اعلی افسران کو ہدايت دی کہ وه يوگا ڈے کے احسن انعقاد کيلئے ہر ممکن کوشش کو يقينی بنائيں ۔واضح رہے بين الاقوامی يوگا ڈے 21جون کو صبح کے چه سے 8بجے تک شير کشمير انٹر نيشنل کنوينشن سينٹر سرينگر ميں منعقد کياجائے گا ۔

ياترا انتظامات

جولائی سے شروع ہونے والی شری امر نا ته جی ياترا کے احسن انعقاد کےلئے سلامتی سميت 3 تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ ياترا کی سلامتی کےلئے ياترا کے دونوں راستوں پر کثير رخیحفاظتی انتظامات کئے جا رہے اور انتظاميہ ياتريوں کو ہر طرح کی سہوليات دستياب کرانے کےلئے لازمی اقدامات کررہی ہے۔

جمونو کشميرحکومت نے ياترا کے مختلف امور کی نگرانی کرنے کےلئے مختلف محکموں سے تعلق رکهنے والے63 افسروں کو تعينات کيا ہے اور اس بات کو يقينی بنايا جا رہا ہے کہ اس سال کی ياترا کے دوران ياتريوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اس دوران ٹرانسپورٹ کمشنرو شیش مہاجن نے سونہ مرگ اور بالتل علاقوں کا دورہ کرکے شری امر ناتھ جی یاترا کیلئے کئے جا رہے ٹرانسپورٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے یاترا کیلئے ٹرانسپورٹ کی سہولیات کو یقینی بنانے پر زور دیا اور شردھالووں کیلئے بلا خلل یاترا کے انتظامات کی کوششوں کو اجا گر کیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ یاترا کیلئے مجوزہ گاڑیوں کی بر وقت جانچ کو یقینی بنائیں ۔

کشمیر کے علاوہ م□کمہ کے کئی دیگر افسران بھی تھے -RTO ان کے ہمراہ

تصدق

کی پیشرفت کا DILRMP جموں کشمیر کے کسٹوڈین جنرل تصدق □سین میر نے اننت ناگ میں جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے اراضی کے ریکارڈ کی برو قت اور درست ڈیجٹائزیشن کو یقینی بنانے پر زور دیا ۔

دورہ

ڈائریکٹر لائبریز اینڈ ریسرچ محمد رفیع جو وائبر نٹ ولیجز پروگرام کے دوسرے مر□لے کیلئے آفیسر بھی ہیں نے اوڑی نے ترکانجن اور چوٹالی علاقوں میں پروگرام کے ت□ت نافذ Visiting کئے جانے والے ترقیاتی اقدامات کی پیشرفت کاجائزہ لیا۔

دورے کے دوران انہوں نے مختلف سرکاری اسکیموں اور ترقیاتی ضروریات پر غور و خوض کیا ۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا□افظ

-

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا□افظ